بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

Häfiz 'Abdur Rasheed Furqänï

passes on to Alläh's Mercy

One of the three founders of Därul 'Uloom Sabeelus Saläm, Hyderabad, **Häfiz 'Abdur Rasheed Sähib Furqänï** (1946-2007) leaves for his heavenly abode on 13 Zul Qa'dah 1428 AH (2007 CE).

Another founder, Maulänä **Qärï Guläm Rabbänï Qäsmï**, Imäm at Masjid 'Ämirah, 'Äbids, reminisces about him.

1: Därul 'Uloom Sabeelus Saläm: 'Älimiyat Building

Another lamp goes off at Sabeelus Salām

A usual morning and a normal routine. On Thursday, 14 Zul Qa'dah 1428 AH, 29 Nov 2007, after leading the Fajr Salāh at Masjid 'Āmirah, 'Ābids, I set off for Dārul 'Uloom Sabeelus Salām, Hyderabad located 12 km to the south. It was nearly 7:15 a.m. when I entered the Sabeelus Salām campus and the tragic news tore my heart apart. For a brief moment, I went comatose. A short while later, the sad news was confirmed on phone and my eyes were overwhelmed with tears. Al Hāj Hāfiz Qārī 'Abdur Rasheed Furqānī had left this temporal world for the eternal at 10:25 p.m. after 'Ishā Salāh last night. إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ. To Allāh we belong, and to Him is our return!

May He envelop him in His mercy! May He grant him a high place in Jannatul Firdaus! May He bestow upon his surviving near and dear ones strength and forbearance! Āmīn!

My first meeting with Hāfiz Sāhib

Nearly 35 years ago, Maulānā Muhammad Rizwān Al Qāsmī and this writer were engaged in academic service at Dārul 'Uloom Rahmāniyah, Hyderabad under the then Director, Hakeem Shamsuddīn Sāhib. But …, at the end of the academic year and the end of the Sha'bān month, both of us resigned on our own accord from Dārul 'Uloom Rahmāniyah. We intended to establish a madrasah after the month of Ramazān.

That year, this writer was leading the Tarāwīh Salāhs at Nalla Kuntah Mosque in Secunderabad. One night, before 'Ishā Salāh, Maulānā Rizwān Al Qāsmī arrived at the Nalla Kuntah Mosque accompanied by Hāfiz Sāhib. After the Tarāwīh Salāh, we had the introductions. Maulānā Rizwān informed me that Hāfiz Sāhib too had served at Dārul 'Uloom Rahmāniyah till a year before, and that this year he was serving at Shamsul 'Uloom, Hindupur village, Ananthpur district whose director was Maulānā 'Abdur Rahīm Bastawī, presently a teacher at Dārul 'Uloom, Deoband. At Maulānā Rizwān's request, Hāfiz Sāhib had agreed to stay at Hyderabad for our yet-to-be-established madrasah. This was my first meeting with Hāfiz 'Abdur Rasheed Sāhib. Till the end of the entire-Qurān Tarāwīh, Maulānā Rizwān and Hāfiz 'Abdur Rasheed kept visiting me on and off, and we kept discussing the fine points regarding the establishment of the madrasah. Finally, our caravan was ready for the oncoming journey. The commander and spiritual guide of this caravan was Hazrat Maulānā Muhammad Rizwān Al Qāsmī himself, as he had initiated the proposal and both of us had seconded it by our words and acts.

After the holy month of Ramazān, Maulānā Rizwān Al Qāsmī told me one day that there was a vacancy for an Imām-Khatīb and a Muazzin at Jāmi' Mosque, Mushīrābād. They had asked for tape-recorded voice samples of an Imām's Qurān recitation and a Muazzin's Azān from Dārul 'Uloom Deoband, but the committee did not accept either. “Why don't you go for interview there?” suggested Maulānā Rizwān.

I visited the then President of Jämi' Masjid Committee, Mushïräbäd, Muhammad 'Umar at his home, introduced myself and stated my purpose. He requested me to recite the holy Qurän. I recited some verses at which he asked me to lead the Friday Saläh at the mosque. The next Friday, I delivered the Urdu speech and the Arabic sermon, and led the Friday Saläh. Next day, Muhammad 'Umar Sähib in the company of his committee-members was at Maulänä Rizwän's residence at Masjid 'Ämirah to take me for their mosque. But there was a complication. Late Sayyid Ziyäur Rahmän Sähib had been persistently requesting for me to serve as Imäm-Khatïb at Majid Haidargura. I left upon Maulänä Rizwän Al Qäsmï to make a decision, who settled it in favor of Masjid Haidargura in view of our soon-to-be-established madrasah's needs. Masjid Haidargura would be much nearer. So, I started serving at Masjid Haidargura as Imäm and Khatïb.

2: Maulänä Rizwän Al Qäsmï rests in the campus of Därul 'Uloom Sabeelus Saläm

The meeting at Masjid 'Ämirah

Maulänä Muhammad Rizwän Al Qäsmï was already serving as Imäm and Khatïb at Masjid 'Ämirah where he had his residential quarter too. In those days, his family was staying at his parental place in Bihar. His second brother Muhammad Salmän Siddiqï doing B.Com. at Anwärul 'Uloom College was staying with him. Muhammad 'Irfän, his third brother, was studying at Därul 'Uloom, Deoband, while the fourth brother Muhammad Hassän had completed first year of Arabic at Därul 'Uloom Rahmäniyah. As Maulänä Rizwän's family was not in his house, we three made it a regular venue for our meetings, and several such meetings followed.

Establishment of the madrasah

For the madrasah's establishment, four things were needed at once: teachers, students, house, and finances. We three were available for teaching, some students from other madrasahs were ready to take admission, and the efforts and collaborations of Qärï Zahïruddïn Sharafï, Imäm and Khatïb at Masjid 'Äliyah, Gun Foundry, and Maulänä 'Abdul Khäliq Afgänï, resident at Masjid Miyän Mishk, Puränä Pul had ensured that Masjid Miyän Mishk would be the house for our madrasah. When it came to finances, Häfiz 'Abdur Rasheed Furqänï presented 1500 rupees as loan from his personal savings. Though it was paid back to him later on, it was a hefty contribution. In those

days, this amount could buy 50 gram of gold worth ₹50,000 by today's price. Thus it was a considerable contribution of ₹50,000 by the current rate, though as a loan, with which he helped in the establishment of the madrasah. Ignoring this would be a grave injustice to Häfiz Sähib.

When arrangements for all of these four had been completed, the madrasah was established in 1972 placing the reliance upon Alläh for future needs. Thus the madrasah of Därul 'Uloom Sabeelus Saläm saw its day.

Häfiz 'Abdur Rasheed Furqänï's services

Maulänä Rizwän Al Qäsmï and this writer used to teach the students of Arabic classes while Häfiz Sähib taught the students of Hifz and Näzirah sections. The two of us would return to our respective mosques after teaching whereas Häfiz Sähib would stay on at the madrasah entire day and night. In addition to teaching, he also supervised the students at the hostel. He was responsible for running the madrasah kitchen and in free time would collect donations for the madrasah. Häfiz Sähib was thus one of the three founders of the madrasah, one of the three starting teachers, the first Hostel Superintendent, and the first Kitchen Supervisor. As time went on, Häfiz Sähib's multifarious capabilities kept blooming and the madrasah continued on its steps of progress.

After some time, owing to the madrasah's needs for finances, Hazrat Maulänä Muhammad Rizwän Al Qäsmï made the suggestion to Häfiz Sähib, “At the moment, the madrasah urgently needs your services for donation-collection. If you could accept this service, it would be great.” Häfiz Sähib gladly agreed to this proposal and from that point of time, his external services to the madrasah started. At first, he worked in the districts of Andhra Pradesh, and then he began his work in Karnataka and Tamil Nadu which he continued till the end of his life. In this field too, Häfiz Sähib displayed his exceptional skills. He proved to be the backbone for financial collections inside India.

Häfiz Sähib had a distinct style of work. He would first build relationship with people without regard to the amounts they contributed. He would be with them in moments of celebrations and sorrow. And then the people would, of their own accord, give donations as well as request their own acquaintances to contribute. Once his accomplishments in this field became well-known, some of the greatest institutions of India requested his services for them, but he declined, saying, “Därul 'Uloom Sabeelus Saläm is my own madrasah. (So, I can’t leave it.)” No doubt, Sabeelus Saläm was his own, is still so, and shall remain so, In Shä Alläh!

The kind friend’s memory keeps revisiting

Häfiz Sähib’s fond memories stay on in the heart and shall remain there, on one hand because of his exceptionally long services at Därul 'Uloom Sabeelus Saläm, and on the other, due to the intimate and warm camaraderie that we shared. While Häfiz Sähib stayed at Därul 'Uloom Sabeelus Saläm, rarely a day would pass when we did

not meet, occasionally for short durations, and usually for long durations. The delight that filled us at those meetings continued till the end of his life. By Alläh's grace and mercy, we never had discord nor differences in this long period, which is quite extraordinary.

Survivors

Other than wife, Häfiz 'Abdur Rasheed Sähib is survived by the eldest son, Häfiz Muhammad 'Umar, who is serving the madrasah of Sabeelus Saläm in his illustrious father's place; the second son Häfiz Muhammad Zafar studying 7th year Arabic at Sabeelus Saläm itself; and Muhammad Anas, Muhammad Anïs, and Muhammad Junaid studying at their parental place currently.

Haji Häfiz Qärï 'Abdur Rasheed Furqänï: A Profile

Name:	'Abdur Rasheed Furqänï
Year of birth:	1946 (~ 1365 AH)
Place of birth:	Tolah: Shaikhonah, Post: Madhavpur, Chirya Bazar, District: East Champaran, State: Bihar, India
Education:	**Memorization of the Noble Qurän** at Madrasah Rauzatul 'Uloom, Pak-hï, District: East Champaran **Tajwïd Course** at Madrasah Furqäniyah, Lucknow, U.P.
Came to Hyderabad:	1970 (~1390 AH)
Service at Sabeelus Saläm:	Därul 'Uloom Sabeelus Saläm, Hyderabad was established in 1972 (~1392 AH). He was: • one of its three founders, • one of its three starting teachers, • one of its three luminous lamps, • its first Hostel Superintendent, • its first Kitchen Supervisor, • and its lifetime financial envoy and chief donation-collector.
Death:	10:25 p.m. on Wed, 28 Nov 2007 (~13 Zul Qa'dah 1428 AH)
Service Tenure:	1972 to 2007 (nearly 35 years)

By

Qärï Gulläm Rabbänï Qäsmï

Teacher: Därul 'Uloom Sabeelus Saläm, Hyderabad

Imäm: Masjid 'Ämirah, 'Äbids, Hyderabad

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

حافظ عبد الرشید صاحب فرقانی کی رحلت

دار العلوم سبیل السلام، حیدرآباد کی تین بانیوں میں سے ایک، حافظ عبد الرشید صاحب فرقانی (۱۳۶۵-۱۴۲۸ھ)، ۱۳ ذوالقعدہ (۲۰۰۷ء) کو دارِ بقا کے لیے انتقال فرما گئے۔

مدرسہ کے ایک اور بانی مولانا قاری غلام ربانی قاسمی، امام، مسجدِ عامرہ، عابڈس، حیدرآباد کے قلم سے اُن کی کچھ یادیں پیشِ خدمت ہیں۔

ا: دار العلوم سبیل السلام، حیدرآباد کی عمارت برائے عالمیت

دارالعلوم سبیل السلام، حیدرآباد کا ایک اور چراغ بجھ گیا!

۱۴؍ ذو القعدہ ۱۴۲۸ھ مطابق ۲۹ نومبر ۲۰۰۷ء بروز جمعرات، حسبِ معمول بعد نمازِ فجر مسجدِ عامرہ، عابڈس سے دارالعلوم سبیل السلام کے لئے میں روانہ ہوا۔ سواسات بجے (۷:۱۵) دارالعلوم سبیل السلام کے احاطہ میں داخل ہی ہوا تھا کہ ایک ایسی اندوہناک خبر سننے کو ملی جس نے دل کو دہلا کر رکھ دیا۔ تھوڑی دیر کے لئے مجھ پر سکتہ طاری ہو گیا اور کچھ ہی دیر بعد جب یہی خبر فون کے ذریعہ ملی تو آنکھوں سے آنسو بہنا شروع ہو گیا ۔ خبر یہ تھی کہ ۲۸ نومبر کو بعد نمازِ عشاء بوقتِ شب دس بج کر پچیس منٹ (۱۰:۲۵) پر الحاج حافظ قاری عبدالرشید فرقانی صاحب اِس دارِ فانی سے دارِ بقا کو کوچ کر گئے ہیں۔ إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ۔ اللہ تعالیٰ اُن کو غریقِ رحمت کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے، اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

حافظ صاحب سے میری پہلی ملاقات

آج سے پینتیس (۳۵) سال قبل کی بات ہے کہ راقم الحروف اور حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ، حکیم شمس الدین صاحب کی نظامت میں دارالعلوم رحمانیہ حیدرآباد میں تعلیمی خدمت انجام دے رہے تھے؛ لیکن ..... سال کے اختتام پر یعنی اخیر شعبان میں ہم دونوں دارالعلوم رحمانیہ سے اپنے طور پر سبکدوش ہو گئے، اور رمضان کے بعد ہم دونوں نے ایک مدرسہ قائم کرنے کا ارادہ کیا۔ اُس سال رمضان المبارک کے مہینہ میں راقم الحروف نلہ کنٹہ، سکندرآباد کی مسجد میں قرآن سنا رہا تھا کہ ایک شب، قبلِ عشا حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ حافظ صاحب موصوف کو اپنے ہمراہ نلہ کنٹہ کی مسجد میں لے کر آئے اور بعد نمازِ تراویح ایک دوسرے کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ حافظ صاحب بھی ایک سال قبل دارالعلوم رحمانیہ میں خدمت کر چکے ہیں اور موجودہ سال مدرسہ شمس العلوم، ہندوپور، ضلع اننت پور میں دینی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ اُس مدرسہ کے مہتمم حضرت مولانا عبدالرحیم بستوی، حال استاذ، دارالعلوم دیوبند ، تھے۔

مولانا رضوان صاحبؒ نے مزید بتایا کہ حافظ صاحب رمضان کے بعد ہمارے تجویز کردہ مدرسہ کے قیام کے لئے اُن کے کہنے پر حیدرآباد میں رہنے کے لئے تیار ہو چکے ہیں۔ حافظ صاحب سے یہ میری پہلی ملاقات تھی۔ اس کے بعد بھی ختمِ تراویح سے قبل تک حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ، حافظ صاحب کو اپنے ہمراہ نلہ کنٹہ کی مسجد میں لاتے رہے اور ہم تینوں کے درمیان مدرسہ کے قیام کے سلسلہ میں مشورہ ہوتا رہا، یہاں تک کہ آئندہ سفر کے لئے ہم تینوں کا قافلہ تیار ہو گیا۔ اس قافلہ کے امیر اور روحِ رواں حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ تھے کیونکہ تحریک ان کی تھی اور تائید قولاً و عملاً ہم دونوں کی تھی۔

رمضان المبارک کے بعد ایک دن حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ نے مجھ سے کہا کہ مشیر آباد کی جامع مسجد میں امام و خطیب اور مؤذن کی ضرورت ہے اور اس کے لیے دارالعلوم دیوبند سے امام کی قراءت اور مؤذن کی اذان ٹیپ کر کے منگائی گئی تھی لیکن دونوں کو رد کر دیا گیا۔ "اس لیے آپ جا کر انٹرویو دیجئے۔"

چنانچہ مشیر آباد کی جامع مسجد کے اُس وقت کے صدر محمد عمر صاحب سے اُن کے گھر پر جا کر ملاقات کی، اپنا تعارف کرایا اور آنے کا مقصد بتلایا، تو انہوں نے قرآن سنانے کی فرمائش کی۔ میں نے قرآن کی چند آیتیں سنائیں تو انہوں نے جمعہ کی نماز پڑھانے کی دعوت دی۔ چنانچہ میں جمعہ کے دن گیا، اردو میں تقریر کی، عربی میں خطبہ پڑھا اور نماز پڑھائی۔ دوسرے دن مجھ کو لینے کے واسطے محمد عمر صاحب اراکینِ کمیٹی کے ساتھ مسجد عامرہ مولانا محمد رضوان القاسمیؒ صاحب کے پاس پہنچ گئے۔ حالاں کہ پہلے ہی سے حیدر گوڑہ کی مسجد کی امامت و خطابت کے لئے سید ضیاء الرحمٰن صاحب مرحوم کا میرے بارے میں شدید مطالبہ تھا جس کی وجہ سے ایک طرح کی کشمکش پیدا ہو گئی۔ میں نے فیصلہ مولانا محمد رضوان القاسمیؒ پر چھوڑ دیا۔ انہوں نے مدرسہ کے قیام کے پیش نظر حیدر گوڑہ کی امامت و خطابت میرے لئے طے کر دی اور میں مسجد حیدر گوڑہ میں خدمت انجام دینے لگا۔

۲: مولانا رضوان القاسمیؒ دار العلوم سبیل السلام، حیدرآباد کے احاطے میں آرام فرما ہیں۔

مسجد عامرہ میں میٹنگ

حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ پہلے ہی سے مسجد عامرہ میں امام و خطیب تھے۔ فیملی اُن دنوں ساتھ نہ تھی، وطن میں تھی۔ ان کے دوسرے بھائی محمد سلمان صدیقی مسجد کے مکان میں ان کے ساتھ رہتے تھے اور انوار العلوم میں بی. کام. میں زیرِ تعلیم تھے۔ تیسرے بھائی حافظ محمد عرفان صاحب دار العلوم دیوبند میں زیرِ تعلیم تھے اور چوتھے بھائی محمد حسان دار العلوم رحمانیہ میں عربی اول میں زیرِ تعلیم رہ چکے تھے۔ چونکہ مولانا کے گھر میں فیملی نہ تھی اِس لیے اب ہم تینوں کی میٹنگ مسجد عامرہ میں ہونے لگی اور متعدد میٹنگیں ہوئیں۔

مدرسہ کا قیام

فوری طور سے مدرسہ کے قیام کے سلسلہ میں چار چیزوں کی ضرورت تھی: (۱) مدرس (۲) طلبہ (۳) مکان (۴) روپیہ۔ پڑھانے کے لئے ہم تینوں تھے، اور پڑھنے کے لئے بعض مدارس سے طلبہ بھی مل گئے تھے۔ قاری ظہیر الدین شرفی، امام و خطیب، مسجدِ عالیہ ، گن فاؤنڈری اور مولانا عبد الخالق افغانی، مقیم مسجدِ میاں مشک، پرانا پل: ان دونوں حضرات کے تعاون سے مسجدِ میاں مشک ہی میں جگہ کا بھی نظم ہو گیا۔ روپیوں کا نظم اِس طرح ہوا کہ حافظ عبد الرشید فرقانی صاحب نے پندرہ سو

روپیے بطور قرضِ حسنہ اپنے پاس سے پیش کیے، جو بعد میں اُن کو لوٹا دیے گئے۔ اُس زمانہ میں پانچ تولہ سونا کی قیمت پندرہ سو روپیے تھی جب کہ اِس زمانہ میں پانچ تولہ سونا کی قیمت پچاس ہزار روپیے ہے۔ اِس طرح اگر آج کے حساب سے دیکھا جائے تو حافظ صاحب نے اُس زمانہ میں پچاس ہزار روپیے سے بطورِ قرض ہی سہی مدرسہ کے قیام میں مدد دی، جس کو نظر انداز کرنا یقیناً حافظ صاحب کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ بہر حال جب اِن چاروں چیزوں کا انتظام ہو گیا تو آئندہ ضروریات کے لیے اللہ ﷻ پر بھروسہ کرتے ہوئے ۱۹۷۲ء میں مدرسہ کا آغاز کر دیا گیا۔ اس طرح دار العلوم سبیل السلام کا قیام عمل میں آیا۔

حافظ عبد الرشید فرقانی کی خدمات

راقم الحروف اور حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ عربی جماعت کے طلبہ کو پڑھاتے تھے اور حافظ صاحب حفظ اور ناظرہ کے طلبہ کو۔ ہم دونوں پڑھانے کے بعد اپنی اپنی مسجد آجاتے جب کہ حافظ صاحب دن رات مدرسہ ہی میں مقیم رہتے تھے۔ طلبہ کو پڑھانے کے علاوہ طلبہ کی نگرانی بھی کرتے تھے، مطبخ چلاتے تھے اور بوقتِ فرصت مدرسہ کے لئے چندہ بھی کرتے تھے۔ گویا حافظ صاحب تین بانیوں میں سے ایک بانی تھے، تین اولین اساتذہ میں سے ایک استاذ تھے، اولین ناظمِ دار الاقامہ اور اولین ناظمِ مطبخ تھے۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا حافظ صاحب کی گوناگوں صلاحیتیں نکھرتی چلی گئیں اور مدرسہ بتدریج ترقی کی منزلیں طے کرتا رہا۔

ایک عرصہ کے بعد مالیہ کی فراہمی کے پیشِ نظر حضرت مولانا محمد رضوان القاسمیؒ نے حافظ صاحب کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ اِس وقت مدرسہ کو مالیہ کی فراہمی کے لئے آپ کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے، اگر آپ اِس کو قبول فرما لیں تو مدرسہ کے حق میں بہتر ہوگا۔ چنانچہ حافظ صاحب نے اس تجویز کو بخوشی قبول فرمایا اور اُس کے بعد مدرسہ کے لیے حافظ صاحب کی خارجی خدمات شروع ہو گئیں۔ ابتدا میں آندھرا پردیش کے اضلاع میں کام کرتے رہے اور اُس کے بعد کرناٹک و ٹامل ناڈو میں

کام کرنے لگے۔ اس میدان میں بھی حافظ صاحب نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، چنانچہ مالیہ کی فراہمی کے سلسلہ میں اندرونِ ملک مدرسہ کے لئے ریڑھ کی ہڈی ثابت ہوئے اور تاحیات یہ سلسلہ جاری رہا۔ حافظ صاحب کا چندہ کے سلسلہ میں ایک خاص انداز تھا وہ چندہ کی مقدار کی پرواہ کیے بغیر لوگوں کو پہلے اپنا بناتے، لوگوں کی خوشی اور غم میں شرکت فرماتے، پھر اُس کے بعد لوگ خود ہی خوشی خوشی چندہ دیتے بھی اور دلاتے بھی۔ حافظ صاحب کی اِس کامیابی کو دیکھ کر ملک کے بڑے بڑے اداروں نے اپنے اپنے اداروں میں خدمت کرنے کی پیشکش کی لیکن حافظ صاحب نے تمام پیشکشوں کو یہ کہہ کر ٹھکرادیا کہ دارالعلوم سبیل السلام میرا اپنا ادارہ ہے۔ بلاشبہ دارالعلوم سبیل السلام ان کا اپنا ادارہ تھا، ہے اور رہے گا۔

یادِ یارِ مہرباں آید ہمی

اِس وقت شدت کے ساتھ حافظ صاحب یاد آرہے ہیں اور یاد آتے رہیں گے، ایک تو دارالعلوم سبیل السلام میں دیرینہ خدمات کی وجہ سے اور دوسرے راقم الحروف کے ساتھ خصوصی تعلقات کی وجہ سے۔ دارالعلوم سبیل السلام میں جب حافظ صاحب مقیم رہتے تو شاید ہی کوئی دن ایسا گزرتا جس دن میری اور حافظ صاحب کی ملاقات نہ ہوتی ہو، کبھی مختصر اور کبھی طویل۔ ہم دونوں ایک دوسرے سے مل کر خوشی محسوس کرتے۔ یہ سلسلہ تاحیات جاری رہا۔ اتنے طویل عرصہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کبھی ہم دونوں میں اختلاف یا بگاڑ پیدا نہیں ہوا جو کوئی معمولی بات نہیں ہے۔

پس ماندگان

اہلیہ کے علاوہ پانچ لڑکے ہیں: پہلے لڑکے حافظ محمد عمر فی الحال دارالعلوم سبیل السلام میں والد محترم کی جگہ بر سر خدمت ہیں؛ دوسرے حافظ محمد ظفر دارالعلوم سبیل السلام میں ہفتم عربی میں زیر تعلیم ہیں؛ محمد انس، محمد انیس اور محمد جنید فی الوقت اپنے وطن ہی میں زیر تعلیم ہیں۔

حاجی حافظ قاری عبدالرشید فرقانی ایک نظر میں

نام: عبدالرشید فرقانی

تاریخِ پیدائش: ۱۹۴۶ء (~۱۳۶۵ھ)

وطن: ٹولہ: شیخونا، پوسٹ: مادھوپور، وایا: چریا بازار، ضلع: مشرقی چمپارن، صوبہ: بہار

تعلیم: **حفظِ قرانِ کریم**: مدرسہ روضۃ العلوم پکہی، ضلع: مشرقی چمپارن (بہار)

علمِ تجوید: مدرسہ فرقانیہ، لکھنؤ (یوپی)

حیدرآباد میں آمد: ۱۹۷۰ء (~۱۳۹۰ھ)

دارالعلوم سبیل السلام میں دارالعلوم سبیل السلام ۱۹۷۲ء (~۱۳۹۲ھ) میں قائم ہوا۔ وہ

خدمات: اِس مدرسہ کے

- تین بانیوں میں سے ایک بانی تھے۔
- تین اولین اساتذہ میں سے ایک استاذ تھے۔
- تین چراغوں میں سے ایک چراغ تھے۔
- اولین ناظمِ دارالاقامہ تھے۔
- اولین ناظمِ مطبخ تھے۔
- تاحیات مبلغ و محصلِ اعلیٰ تھے۔

وفات: ۱۰ بجے شب، بروز چہار شنبہ، ۲۸ نومبر ۲۰۰۷ء (~۱۳ ذوالقعدہ ۱۴۲۸ھ)

مدتِ خدمات: ۱۹۷۲ء تا ۲۰۰۷ء، جملہ پینتیس (۳۵) سال

کاتب:

غلام ربانی قاسمی

استاذ، دارالعلوم سبیل السلام ، حیدرآباد

امام، مسجد عامرہ ، عابڈس ، حیدرآباد